باب 6: **پاکستان اور عالمی اُمور**

pakcity.org

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. اقوامِ متحدہ کا قیام عمل میں آیا۔

(A) **24 اکتوبر 1944ء** (B) 14 اکتوبر 1945ء (C) 24 اکتوبر 1945ء (D) 24 نومبر 1946ء

2. اسلامی کانفرس کی تنظیم کی بنیاد 1969ء میں جس شہر میں رکھی گئی، وہ ہے:

(A) تہران (B) لاہور (C) جدہ (D) **رباط**

3. عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا:

(A) 1947ء میں (B) **1949ء میں** (C) 1951ء میں (D) 1951ء میں

4. پاکستان نے 30 ستمبر 1947ء کو جس ادارے کی رکنیت حاصل کی، وہ ہے:

(A) او آئی سی (B) ای سی او (C) **اقوام متحدہ** (D) سارک

5. پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کیا:

(A) **ایران نے** (B) چین نے (C) افغانستان میں (D) امریکہ نے

www.pakcity.org

## مشقی مختصر جوابی سوالات

1۔ **خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟**

جواب: خارجہ پالیسی سے مراد کسی ملک کی دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات کی حکمتِ عملی ہے۔ اس سے مراد وہ رویہ ہے جس کے تحت کوئی ملک اپنے قومی مفادات کے تحفظ کی خاطر دیگر ریاستوں کے ساتھ تعلقات قائم کرتا ہے۔

## 2۔ وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام تحریر کریں۔

جواب: وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام درج ذیل ہیں :

(i) قازکستان

(ii) کاغزستان

(iii) تاجکستان

(iv) ترکمانستان

(v) ازبکستان

## 3۔ گوادر کی بندر گاہ کی اہمیت تین سطروں میں تحریر کریں۔

جواب: گوادر بندر گاہ پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے شہر گوادر میں بحیرہ عرب پر واقع ایک گہرے سمندر کی بندر گاہ ہے۔ اس اہم بندر گاہ کا افتتاح 20 مارچ 2007ء کو ہوا۔ یہ بندر گاہ مشرقی اور وسط ایشیائی ریاستوں کے لیے سمندری رابطے کا بڑا آسان ذریعہ ہے۔ اس پورٹ کے ذریعے سے یوریا کھاد، گندم اور کوئلہ اور دیگر ایشیا کی تجارت شروع ہو گئی ہے۔ اُمید کی جاتی ہے کہ مستقبل قریب میں چین پاکستان راہداری کے تحت شروع ہونے والے منصوبوں کی تکمیل سے گوادر کی بندر گاہ کو دنیا بھر میں مرکزی حیثیت حاصل ہو جائے گی، جس سے پاکستان کی معاشی حالت میں بہتری آئے گی۔

## 4۔ مسئلہ فلسطین سے کیا مراد ہے؟

جواب: 1948ء میں مغربی ممالک کے ایما پر فلسطین کی سرزمین پر اسرائیل کے نام سے ایک ریاست قائم ہوئی۔ فلسطینیوں کے لیے یہ بات تشویش ناک تھی، مگر اسرائیل نے اپنے علاقے پھیلانے شروع کر دیے۔ مسلمان ممالک خصوصاً عرب ممالک فلسطین کے بچاؤ کے لیے سرگرم عمل ہو گئے۔ کئی مرتبہ اسرائیل اور عربوں کے مابین باقاعدہ جنگ ہوئی، مگر عربوں کے درمیان اتحاد کی کمی اور دیگر وجوہات کی بنا پر عرب ممالک کامیاب نہ ہو سکے، اس طرح یروشلم سمیت اہم علاقے اسرائیل کے کنٹرول میں چلے گئے اور فلسطین کا مسئلہ ایک سنگین صورت اختیار کر گیا۔ اب بھی اقوام متحدہ، اسلامی دنیا اور بڑی طاقتوں کی طرف سے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

## 5۔ پاکستان کے بری اور بحری راستے کیوں اہم ہے؟

Please visit for more data at: www.pakcity.org

جواب: پاکستان تیل پیدا کرنے والے خلیجی ممالک (خلیج فارس کے آس پاس واقع ممالک سعودی عرب، عراق، کویت، بحرین، متحدہ عرب امارات، اومان اور قطر وغیرہ) کے نزدیک اور مغرب میں مراکش سے لے کر مشرق میں انڈونیشیا تک پھیلی ہوئی مسلم دنیا کے درمیان واقع ہے۔ بے شمار مغربی ممالک کی صنعتی ترقی کا انحصار خلیجی ممالک میں ہونے والی تیل کی پیداوار پر ہے۔ یہ تیل دوسرے ممالک کو بحیرہ عرب کے ذریعے سے بھیجا جاتا ہے اور کراچی بحیرہ عرب کی انتہائی اہم بندرگاہ ہے۔ پاکستان افغانستان کو تجارت کے لئے بری اور بحری راہداری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ کراچی ایک بین الاقوامی بندرگاہ اور ہوائی اڈہ ہے۔ یہ ہوائی اور بحری راستوں سے یورپ کو ایشیا سے ملاتا ہے۔ وہ تمام ممالک کے جو مشرقِ وسطیٰ اور وسط ایشیائی ممالک سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں وہ پاکستان کے محلے حقوق کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔

pakcity.org

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org